13

اگر کتا کپڑوں کے ساتھ لگ جائے تو کیا حکم ہے؟

مفتیان وعلماء کرام ومشائخ عظام! اگر کتا کپڑوں کو لگ جائے یا پھر کوئی اس جگہ بیٹھ جائے جہاں کتا بیٹھا ہو تو ان دونوں حالتوں میں کپڑے پاک رہیں گے یا پھر ناپاک ہوجائیں گے؟ جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب بعون الوهاب وهو الموفق للصواب

اَلْحَمْدُ للهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ وَالصَّلوۃُ وَالسَّلَامُ علىٰ سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ أَمَّا بَعْدُ!

اگر کتا اور کپڑے دونوں خشک ہیں تو کپڑے پاک ہیں، اگر کتا یا کپڑے گیلے ہوں تو کپڑے ناپاک ہو جائیں گے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ شریعت مطہرہ نے مسلمان شخص کے لیے کتا رکھنا حرام قرار دیا ہے اور اس کی مخالفت کرنے والے کو روزانہ ایک یا دو قیراط نیکیوں کی کمی اٹھانا پڑتی ہے، لیکن شکار، یا جانوروں اور کھیت کی چوکیداری کے لیے کتا رکھنا جائز ہے۔

1 رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

«مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا، إِلَّا كَلْبَ زَرْعٍ، أَوْ غَنَمٍ، أَوْ صَيْدٍ، يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ»

’’جو شخص کتا رکھے مگر وہ کھیت کا یا بکریوں کا یا شکار کا کتا نہ ہو تو اس کے ثواب میں ہر روز ایک

قیراط کے برابر کمی ہوگی۔''[1]

(2) نیز فرمایا: «مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا، إِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا لِصَيْدٍ أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ، فَإِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ» شکار اور مویشی کی حفاظت کی غرض کے سوا جس نے کتا پالا تو اس کے ثواب میں سے روزانہ دو قیراط کی کمی ہو جاتی ہے۔[2]

ایک قیراط اور دو قیراط کی دونوں روایتوں میں موافقت یوں بیان کی گئی ہے:

ا: ہوسکتا ہے یہ کتوں کی دو قسموں کی وجہ سے ہو، ان میں ایک زیادہ اذیت کا باعث ہو اور دوسرا کم۔

ب: بستیوں اور شہروں میں دو قیراط اور دیہاتوں میں ایک قیراط۔

ج: دو علیحدہ وقتوں میں بیان ہوا، پہلے ایک قیراط بیان کیا گیا، پھر سختی کرتے ہوئے دو قیراط کر دیے گئے۔[3]

باقی رہا یہ مسئلہ کہ کتا کپڑوں کو لگ جائے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر کتا اور کپڑے دونوں خشک ہیں تو کپڑے پاک ہیں، ان کو دھونے کی ضرورت نہیں اگر کتا یا کپڑے گیلے ہوں تو پھر کپڑے ناپاک ہو جائیں گے اس صورت میں کپڑوں کو دھونا لازمی ہے۔ فقہاء کرام اس حوالے سے وضاحت فرما چکے ہیں۔[4]

(3) امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''یہ بات ذہن نشین رہے کہ کتے کے منہ اور دیگر اعضاء میں کوئی فرق نہیں ہے، چنانچہ اگر کتے کا پیشاب، پاخانہ، خون، پسینہ، بال، لعاب یا اس کے جسم کا کوئی بھی حصہ کسی پاک شے کو لگ جائے، اور یہ پاک شے یا اُن نجس اشیاء میں سے کوئی ایک حالتِ رطوبت میں ہو تو اس پاک شے کو سات بار دھونا لازم ہو جائے گا۔''[5]

والله تعالى أعلم وإسناد العلم إليه أسلم وصلى الله على نبيّنا محمّد وعلى آله وصحبه أجمعين

[1] صحيح مسلم، كتاب المساقاة، بَابُ الْأَمْرِ بِقَتْلِ الْكِلَابِ، وَبَيَانِ نَسْخِهِ، وَبَيَانِ تَحْرِيمِ اقْتِنَائِهَا إِلَّا لِصَيْدٍ، أَوْ زَرْعٍ، أَوْ مَاشِيَةٍ وَنَحْوِ ذَلِكَ، حديث: 56-1574. [2] صحيح البخاري، كِتَابُ الذَّبَائِحِ وَالصَّيْدِ، بَابُ مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ، حديث: 5481. [3] فتح الباري 5/ 7، وعمدة القارى 12/ 158. [4] الحاوى الكبير 1/ 315، ومجموع فتاوى ورسائل العثيمين: 11/ 246. [5] شرح النووى: 3/ 185.

مفتیانِ عظام و علماءِ کرام

#	مفتیان کرام	دستخط	#	مفتیان کرام	دستخط
1	حافظ محمد شریف حفظہ اللہ (فیصل آباد)	[illegible]	2	عبدالعزیز نورستانی حفظہ اللہ (پشاور)	[illegible]
3	مفتی بلال عبدالکریم حفظہ اللہ (گلگت)	بلال احمد	4	ثناء اللہ زاہدی حفظہ اللہ (صادق آباد)	[illegible]
5	غلام مصطفی ظہیر حفظہ اللہ (سرگودھا)	[illegible]	6	عبدالغفار اعوان حفظہ اللہ (اوکاڑہ)	[illegible]
7	مفتی مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ (لاہور)	[illegible]	8	مفتی محمد انس مدنی حفظہ اللہ (کراچی)	[illegible]
9	واصل واسطی حفظہ اللہ (کوئٹہ)	واصل واسطی	10	ڈاکٹر کندی حفظہ اللہ (کشمیر)	[illegible]

مشرف عام	نائب رئیس	رئیس
حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ	مفتی ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ	مفتی حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ
[illegible]	ارشاد الحق اثری	[illegible]